# فرہنگ

## A

**ایکشن بٹن(Action Buttons)** : پہلے سے ڈیزائن کیے گئے بٹن جنھیں گزشتہ، اگلی، پہلی، آخری سلائڈ سے ہائپرلنک کے مقصد سے سلائڈوں پر لگایا جا سکتا ہے۔

**الگورتھم(Algorithm)** : کمپیوٹری طریقۂ کار کی متعینہ فہرست جس میں کسی قدر کو یا قدروں کے مجموعے کو بطور اِن پٹ لیا جاتا ہے اور عمل کے پورا ہونے کے لیے کچھ قدروں کو بطور آؤٹ پٹ لیا جاتا ہے۔

**خط بندی(Alignment)** : یہ اس بات کا تعیّن کرتا ہے کہ کسی پیراگراف کی دائیں اور بائیں کنارے کیسے نظر آئیں گے جو کہ سیدھے بھی ہو سکتے ہیں اور غیر ہموار بھی جس کا انحصار خط بندی متبادل کے انتخاب پر ہے۔

**اینیمیشن (Animation)** : حرکت کا التباس (Illusion) پیدا کرنے کی غرض سے دو ابعادی اور سہ ابعادی آرٹ ورک کی تصاویر یا ماڈل پوزیشن کے سلسلے کی تیز رفتاری سے نمائش کرنا۔

**ایپلی کیشن سافٹ ویئر(Application Software)** : کمپیوٹر سافٹ ویئر کا ذیلی درجہ جو کمپیوٹر کی صلاحیتوں کو براہ راست اور مکمل طور سے ایسے کام کی طرف لگا دیتا ہے جسے استعمال کنندہ انجام دینا چاہتا ہے۔

**حسابی منطقی اکائی (Arithmetic Logic Unit)** : کمپیوٹر کی سینٹرل پروسیسنگ یونٹ کا ایک حصہ؛ جو کہ کمپیوٹر کے لیے حسابی اور منطقی اعمال کو انجام دیتا ہے اور ان اعمال کی رفتار پر قابو رکھتا ہے۔

**اسیمبلر (Assembler)** : ایک ایسا پروگرام جو کہ اسیمبلی لینگویج پروگرام کو بطور ان پٹ حاصل کرتا ہے اور لوڈر (Loader) کے لیے اطلاعات کے ساتھ ساتھ اس کی معادل مشین لینگویج فراہم کرتا ہے۔

© NCERT not to be republished

**اوصاف(Attributes)** : Tag کا ایسا پیمانہ (Parameter) جن کا استعمال اضافی وضع سازی معلومات کو شامل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

**خودکار وضع(Autoformat):** پہلے سے ڈیزائن کیے گئے فارمیٹ کا ایسا گروپ جس کا اطلاق جدول پر کیا جاتا ہے۔

**آٹو شیپ (AutoShapes) :** پہلے سے ڈیزائن کی گئی شکلیں جن کا استعمال کچھ مخصوص نکات کی جانب توجہ مبذول کرانے کے لیے پیش کش (Presentation) میں کیا جاتا ہے۔ ان کے سائز اور شکل کو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

## B

**بینڈ وسعت(Bandwidth)** : اینالاگ مواصلات میں کسی دی ہوئی رینج کے اندر زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم تواتر کا فرق۔ مثال کے طور پر ایک اینالاگ ٹیلی فون لائن میں 3000 ہرٹز (Hz) کی بینڈ وسعت کی گنجائش ہوتی ہے یعنی یہ کم سے کم (300 ہرٹز) اور زیادہ سے زیادہ (3300Hz) تواتر کے درمیان کے فرق کی حامل ہوتی ہے۔ ڈیجٹل مواصلات میں بینڈ وسعت کو BPS (Bits Per Second) میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

**بی آئی او ایس (BIOS) (Basic Input/output system)** : X-86 پر مبنی کمپیوٹروں میں لازمی سافٹ ویئر کا مجموعہ جو کہ کمپیوٹر کے شروع ہونے پر ہارڈ ویئر کی جانچ کرتا ہے، آپریٹنگ سسٹم کو شروع کرتا ہے اور ہارڈ ویئر آلات کے مابین ڈیٹا کی منتقلی میں معاونت کرتا ہے۔ BIOS کو ROM (Read Only Memory) میں اسٹور کیا جاتا ہے تاکہ جیسے ہی کمپیوٹر کو آن کیا جائے تو اسے عمل میں لایا جاسکے۔ BIOS کمپیوٹر استعمال کنندہ کو عام طور سے نظر نہیں آتی۔

**بٹ (Bit)** : ایک واحد بائنری ہندسہ جس کی قدر 0 یا 1 ہوسکتی ہے۔

**نشریات(Broadcast)** : آڈیو اور/یا ویڈیو سگنلوں کی تقسیم جو سامعین تک پروگراموں کی ترسیل کرتے ہیں۔

**براؤزر(Browser)** : انٹرنیٹ اپلی کیشن پروگرام جس کا استعمال www دستاویز کو ظاہر کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

**بلیٹ (Bullets)** : چھوٹے ٹھوس نقطے، مربع، ڈیش یا گرافکس جنھیں بعض اوقات پیراگراف سے پہلے لگایا جاتا ہے۔

**بائٹ (Byte)** : یہ 8 بٹس (Bits) کا مجموعہ ہے جو کہ کمپیوٹر کی حافظے میں کسی ایک تحریری علامت کو ظاہر کرتا ہے۔

## C

**کیبل ٹی وی (Cable TV)** : ٹیلی ویژن براڈ کاسٹ سروس جس میں ہم محوری (Coaxial) یا فائبر کیبل کا استعمال کیا جاتا ہے۔



© NCERT not to be republished

**کیش میموری (Cache Memory)** : ایک چھوٹی اور تیز رفتار بفر میموری ہے جس کا استعمال پروسیسر کے ذریعے بار بار استعمال میں لائی جانے والی ہدایات کا عارضی طور پر ذخیرہ کرنے میں کیا جاتا ہے تاکہ پروسیسنگ کی رفتار میں اضافہ کیا جا سکے۔

**سی ڈی-آر (CD-R)** : یہ Recordable Compact Disc کا مخفف ہے۔ڈیٹا کو CD پر کئی مرتبہ نقل کیا جا سکتا ہے مگر اسے CD سے مٹایا نہیں جا سکتا۔

**سیل (Cell)** : قطار اور کالم کا تقاطع سیل کہلاتا ہے۔

**سینٹرل پروسیسنگ یونٹ (Central Processing Unit)** : سینٹرل پروسیسنگ یونٹ ڈیٹا کو پراسیس کرنے اور کمپیوٹر کے کاموں کو کنٹرول کرنے کا کام کرتی ہے۔

**چینل (Channel)** : ایسا راستہ یا لنک (رابطہ) جس سے ہو کر دو آلات کے درمیان کوئی بھی کنٹرول انفارمیشن نہیں گزرتی ہے۔مثال کے طور پر ایک واحد BRI (Basic Rate Interface) کنکشن میں ایک فزیکل کنکشن ہوتا ہے لیکن آلات کے مابین اطلاعات کے تبادلے کے لیے دو چینل ہوتے ہیں۔اسے عام طور سے بیئرر چینل (Bearer Channel) کہتے ہیں۔ایسا چینل جو اطلاعات کو لے جاتا ہے۔

**حجم بندی (Chunking)** : اعداد یا متن کی زمرہ بندی جس سے انھیں یاد رکھنا آسان ہو جائے۔

**کلک (Click)** : ماؤس کے پوائنٹر کو کسی آبجیکٹ کے اوپر لانا اور پرائمری (بائیں) ماؤس بٹن کو دبانا اور چھوڑنا۔

**کلپ آرٹ (Clip Art)** : کچھ تصاویر (عام طور سے کارٹون) جو کہ ورڈ پروسیسر پروگرام میں پہلے سے دستیاب رہتی ہیں اور انھیں بآسانی دستاویز میں لگایا جا سکتا ہے۔

**کلاک اسپیڈ (Clock Speed)** : یہ وہ رفتار ہے جس پر سسٹم کلاک کام کرتی ہے۔اس کی پیمائش میگا ہرٹز (MHz) یا گیگا ہرٹز (GHz) میں کی جاتی ہے۔

**کمپائلر (Compiler)** : ایسا سسٹم سافٹ ویئر (پروگرام) جو کہ ماخذ زبان (Source Language) میں لکھے گئے پروگرام کو پڑھتا ہے اور اس کی ہدف زبان (Target language) کے معادل پروگرام میں ترجمانی کرتا ہے۔

**کمپریشن (Compression)** : بہت تھوڑے Bits کا استعمال کر کے اطلاعات کی کوڈنگ کا عمل۔

**کمپیوٹر (Computer)** : کمپیوٹر ایک قابل پروگرام مشین ہے۔اس کا مطلب ہے کہ یہ پروگرام شدہ ہدایات پر عمل کر سکتا ہے اور اس کی بازیافت کر سکتا ہے۔

**کمپیوٹر نیٹ ورک (Computer Network)** : ایک دوسرے کے ساتھ منسلک کئی کمپیوٹر جو کہ وسائل کو مشترک طور پر کرتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

**کمپیوٹر سسٹم (Computer System)** : سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر کا مجموعہ (اتحاد)۔

**متصل سیل (Contiguous cells)** : پڑوسی یا نزدیکی سیل۔

**کنٹرول یونٹ (Control Unit)** : CPU کی خودکار تفاعلی ذیلی اکائی جو کہ ڈیٹا اور ہدایات کے کنٹرول اور ارتباط کے لیے ذمہ دار ہے۔

## D

**ڈیٹا (Data)** : خام حقائق (Facts) ڈیٹا کہلاتے ہیں۔

**ڈیٹا بیس (Database)** : اساس معلومات ڈیٹا بیس باہم مربوط ڈیٹا کا مجموعہ۔

**رمز کشائی (Decoding)** : موصول ہونے والے پیغام کو قابل فہم شکل میں تبدیل کرنا۔

**آلہ (Device)** : نیٹ ورک یا کمپیوٹر سے منسلک ہارڈ ویئر۔ مثال کے طور پر، کمپیوٹر، پرنٹر، جوائے اسٹک، ایڈ یپٹر، موڈیم کارڈ یا کوئی اور ساز و سامان۔

**ڈائل اپ کنکشن (Dial-up Connection)** : نیٹ ورک سے رابطہ اگر کوئی ایسا آلہ استعمال کر رہا ہے جو کہ ٹیلی فون کا استعمال کرتا ہے۔ اس میں موڈیم اور معیاری فون لائن، ISDN کارڈ بشمول تیز رفتار ISD لائنیں یا X.25 نیٹ ورک شامل ہیں۔

**ڈائیلاگ باکس (Dialogue Box)**: ایک سیکنڈری ونڈوز جو کہ بٹن اور متعدد متبادلات پر مشتمل ہوتی ہے جس کے ذریعہ آپ کام یا کمانڈ کو انجام دے سکتے ہیں۔

**ڈائل اپ (Dialup)** : انٹرنیٹ کی ایک قسم جس میں ٹیلی فون لائن کا استعمال ہوتا ہے۔

**ڈیجیٹل سازی (Digitisation)** : اینالاگ اطلاعات کی ڈیجیٹل اطلاعات میں تبدیلی۔

**ڈسک (Disk)** : اسٹوریج ڈیوائس جو کہ کمپیوٹر سے منسلک رہتا ہے۔

**ڈسک چیک اپ (Disk Checkup)**: ایس۔ایم۔اے۔آر۔ٹی (Self-Monitoring Analysis, Reporting Technology) سے مزین ہارڈ ڈسک کی صحت اور کارکردگی کی پیمائش۔

**ڈسک کلین اپ (Disk Cleanup)** : کمپیوٹر کی دیکھ بھال کا ایک طریقہ جسے کمپیوٹر کی ہارڈ ڈرائیو میں خالی جگہ فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

**ڈسک کمپریشن (Disk Compression)** : ہارڈ ڈسک کے مواد کو سمیٹنا/ دبانا تاکہ اس میں مزید انفارمیشن جمع کی جا سکے۔



© NCERT not to be republished

**ڈسک ڈی فراگمینٹر (Disk Defragmenter)** : ایسا طریقہ جس میں ان فائلوں کی شناخت کی جاتی ہے جن کا مواد غیر مسلسل انداز میں اسٹور ہے اور پھر انھیں واحد مسلسل فراگمینٹ میں لے جایا جاتا ہے جس سے کارکردگی میں اضافہ ہوتا ہے۔

**دستاویز (Document)** : متن (اور گرافکس) پر مشتمل فائل۔

**ڈومین نام (Domain Name)** : ایڈمنسٹریٹر (منتظم) کے ذریعے نیٹ ورک سے منسلک کمپیوٹروں کے مجموعہ کو دیا گیا نام ہے جو مشترک ڈائریکٹری کو شیئر کرتے ہیں۔ ڈومین نیم سسٹم (DNS) کا ایک حصہ جو ساخت کے نام، ڈومین نیم میں وقفوں کے ذریعے الگ کیے گئے ناموں کے لیبل کی ترتیب پر مشتمل ہوتا ہے۔

**ڈاؤن لوڈ (Download)** : فاصلے سے کسی کمپیوٹر سے موڈیم اور نیٹ ورک کے ذریعہ فائل کی کاپی کو دوسرے کمپیوٹر میں منتقل کرنا۔

**ڈریگ (Drag)** : اسکرین پر کسی آئٹم کو منتخب کرکے اور پھر ماؤس کے بٹن کو دباتے ہوئے ماؤس کے ساتھ آئٹم کو حرکت دینا۔ مثال کے طور پر ٹائٹل بار (Title Bar) کو ڈریگ کرکے ونڈوز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ کھسکا سکتے ہیں۔

**ڈرائیو (Drive)** : ڈیٹا کو اسٹور کرنے کی ایسی جگہ جو کہ فائل سسٹم کے ساتھ فارمیٹ شدہ ہوتی ہے اور ڈرائیو حرف پر مشتمل ہوتی ہے۔ اسٹوریج ایک فلاپی ڈسک، سی ڈی، ہارڈ ڈسک یا کسی اور قسم کی ڈسک ہوسکتی ہے۔ ڈرائیو کے آئکن پر کلک کرکے اس کے مشمولات کو دیکھا جاسکتا ہے۔

## E

**ای میل (E-mail)** : الیکٹرونک میل، انٹرنیٹ پر دستیاب خدمات میں سے ایک۔

**رمز بندی (Encoding)** : پیغام کو اس شکل میں تبدیل کرنا کہ اسے منتقل کیا جاسکے۔

**آداب (Etiquette)** : قابل قبول طور طریقے جن پر سب لوگ عمل کرتے ہیں۔

## F

**بازرسی (Feedback)**: سامع یا قاری کا ردعمل۔

**فائل (File)** : اطلاعات کا ایک مکمل، نام شدہ مجموعہ، جیسے کہ پروگرام، پروگرام کے ذریعے استعمال کیا گیا ڈیٹا یا استعمال کنندہ کے ذریعے تشکیل کردہ دستاویز۔ فائل اسٹوریج کی بنیادی اکائی ہے جس کی مدد سے کمپیوٹر اطلاعات کے ایک مجموعے کو دوسرے سے ممتاز کرتا ہے۔ یہ ڈیٹا کا ایسا مجموعہ ہے جسے تبدیل کرسکتا ہے، اس کی بازیافت کرسکتا ہے، مٹا سکتا ہے، محفوظ کرسکتا ہے یا کسی آؤٹ پٹ ڈیوائس پر بھیج سکتا ہے جیسے کہ پرنٹر یا ای میل پروگرام۔



© NCERT not to be republished

**فائل ٹرانسفر پروٹوکول (FTP)** : پروٹوکول کے TCP/IP سوٹ (Suite) کا ممبر، جس کا استعمال انٹرنیٹ پر دو کمپیوٹروں کے درمیان فائلوں کو کاپی کرنے میں کیا جاتا ہے۔ دونوں کمپیوٹروں کو اپنے اپنے کردار ادا کرنے چاہئیں جن میں سے ایک لازمی طور پر FTP کلائنٹ اور دوسرا FTP سرور ہونا ضروری ہے۔

**فلوچارٹ (Flowchart)** : کسی مسئلہ کو حل کرنے کے لیے انجام دیے جانے والے اعمال کے سلسلہ کو ظاہر کرنے والا ڈائیگرام۔

**فولڈر (Folder)** : GUI (Graphical User Interface) میں فائلوں اور پروگراموں کو رکھنے کی جگہ، اسے اسکرین پر فائل فولڈر کے آئکن (Graphical Image) کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے۔ یہ پروگرام اور دستاویزوں کو ڈسک پر مرتب کرنے میں مدد دیتا ہے اور اس میں فائلوں اور اضافی فولڈروں کو رکھا جاسکتا ہے۔

**فونٹ (Font)** : اعداد، علامات اور حروف کے مجموعہ پر اطلاق شدہ گرافک ڈیزائن، فونٹ ایک مخصوص شکل کو ظاہر کرتا ہے جس میں سائز، فاصلہ (Spacing) اور پچ (Pitch) جیسی خصوصیات بھی ہوتی ہیں۔

**وضع سازی (Formatting)** : دستاویز کے لے آؤٹ (خاکہ) کے ڈیزائن کی تشکیل کا عمل، جس کے ذریعے دستاویز کو پرکشش بنایا جاتا ہے اور اسے پڑھنے میں آسانی ہوتی ہے۔

**فارمولے (Formulas)** : ریاضیاتی مساوات

## G

**گیٹ وے (Gateway)** : متعدد طبعی TCP/IP نیٹ ورک سے منسلک آلہ جس میں ان کے مابین IP پیکٹوں کو سپرد (Deliver) کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ گیٹ وے مختلف ٹرانسپورٹ پروٹوکول یا ڈیٹا فارمیٹ کے درمیان ترجمانی کرتا ہے۔ (مثلاً IPX اور IP) اور عموماً اسے نیٹ ورک میں بنیادی طور سے اس کی ترجمانی کرنے کی صلاحیت کی وجہ سے ہی شامل کیا جاتا ہے۔

**گیگا بائٹ (Gigabyte:GB)**: 1 گیگا بائٹ 1024 میگا بائٹ کے برابر ہوتا ہے۔ اکثر اسے تقریباً دس لاکھ بائٹس کہا جاتا ہے۔

**جی۔یو۔آئی (Graphical User Interface:GUI)** : ایسا یوزر انٹرفیس جو کمانڈ کو یاد کیے بغیر کام کو انجام دینے میں مدد کرتا ہے اور اس کی مدد سے ماؤس کو کلک کر کے ہدایات دی جاسکتی ہیں۔

## H

**ہارڈ ڈسک (Hard Disk)** : ایسا آلہ جو کہ ایک یا زیادہ بے لچک طشتوں (Platters) پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان طشتوں پر ایسے مادہ کی پرت چڑھی ہوتی ہے جس میں ڈیٹا کو Read/Write ہیڈ کے ذریعے مقناطیسی شکل میں درج کیا جاتا ہے۔ ہارڈ ڈسک



© NCERT not to be republished

ایک مہر بند خول میں آتی ہے جو اس کی حفاظت کرتا ہے اور ہیڈ کو پلیٹر کی سطح کے اوپر ایک انچ کے ایک کروڑویں حصہ سے لے کر 2.5 کروڑویں حصے کے فاصلے سے کام کرنے میں مدد کرتا ہے۔ ہارڈ ڈسک کے ڈیٹا کو فلاپی ڈسک کے مقابلے میں بہت تیزی کے ساتھ اسٹور اور ایکسس کیا جاسکتا ہے۔

**ہارڈ ویئر (Hardware)** : کمپیوٹر سسٹم کے طبیعی اجزا جس میں پرنٹر، موڈیم اور ماؤس جیسے ساز و سامان بھی شامل ہیں۔

**ہائپر لنک (Hyperlink)** : رنگین اور Underlined متن یا گرافکس جس پر کلک کر کے کسی فائل، فائل میں کسی مخصوص جگہ، ورلڈ وائڈ ویب (www) پر HTML صفحہ یا انٹرنیٹ پر HTML صفحہ پر پہنچا جاسکتا ہے۔

**ہائپر ٹیکسٹ مارک اپ لینگویج (Hyper Text Markup Language) (HTML)** : ہائپر ٹیکسٹ دستاویز بنانے کے لیے استعمال کی جانے والی سادہ مارک اپ زبان، جسے ایک پلیٹ فارم سے دوسرے پلیٹ فارم پر لے جاسکتے ہیں۔ HTML فائلیں سادہ ASCII متن پر مبنی فائلیں ہیں جس میں وضع سازی اور ہائپر ٹیکسٹ لنک کو ظاہر کرنے کے لیے کوڈ موجود ہوتے ہیں۔

**ہائپر ٹیکسٹ ٹرانسفر پروٹوکول (Hyper Text Transfer Protocol) (HTTP)** : ورلڈ وائڈ ویب (www) پر اطلاعات کو منتقل کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا پروٹوکول۔ HTTP کا پتہ (ایک قسم کا یونیفارم ریسورس لوکیٹر (URL) یوں ہوتا ہے: http://www.ncert.nic.in)

## I

**توسیع شدہ حاشیہ (Indent)** : پیراگراف یا اس کی پہلی لائن کے بائیں یا دائیں طرف خالی جگہ۔

**ان پٹ یونٹ (Input Unit)** : ایک برقی میکانیکی آلہ جو کہ ڈیٹا اور ہدایات کو حاصل کرتا ہے۔

**I/O پورٹ (Input/output Port)** : ایک ایسا چینل جس کے ذریعے مائکروپروسیسر اور ڈیوائس کے درمیان ڈیٹا کی منتقلی عمل میں آتی ہے۔

**انسرشن پوائنٹ (Insertion point)** : ورڈ پروسیسنگ دستاویز میں ظاہر ہونے والی عمودی لائن جہاں ٹائپ شدہ متن داخل ہوجاتا ہے۔

**نصب کرنا (Install)**: ہارڈ ڈسک پر پروگرام فائل اور فولڈروں کو شامل کرنا اور متعلق ڈیٹا کو درج کرنا تاکہ سافٹ ویئر مناسب انداز میں کام کرسکے۔

**انٹرنیٹ (Internet)** : کمپیوٹروں کا عالمی نیٹ ورک۔ مختلف ذرائع سے اطلاعات کو کوئی بھی انٹرنیٹ کے ذریعے حاصل کرسکتا ہے۔



© NCERT not to be republished

**انٹرنیٹ پروٹوکول (IP)** : TCP/IP پروٹوکول سوٹ میں ایک ایسا پروٹوکول جو کہ IP پیکٹوں کی IP ایڈریسنگ، قطع سازی (Fragmentation) اور انھیں از سرِنو اسیمبل (Assemble) کرنے کے لیے ذمہ دار ہے۔

**ترجمان (Interpreter)** : یہ ایک ایسا پروگرام ہے جو ایک (High Level Language) HLL پروگرام کو مشین کوڈ میں تبدیل کرتا ہے اور اس کی عمل آوری میں مدد کرتا ہے۔

**انٹرنیٹ پروٹوکول ٹیلی ویژن (IPTV)** : انٹرنیٹ پروٹوکول ٹیلی ویژن ایسا نظام ہے جہاں نیٹ ورک انفرااسٹرکچر کا استعمال کر کے انٹرنیٹ پروٹوکول کے ذریعے ڈیجیٹل سروس فراہم کی جاتی ہے۔

**آئی ایس ڈی این (Integrated Service Digital Network – ISDN)** : یہ ایک ٹیلی مواصلات کی ٹیکنالوجی ہے جو کہ معیاری ٹیلی فون لائنوں کے ذریعے ڈیٹا اور آواز کے لیے بہ یک وقت اتصال فراہم کراتی ہے۔

**آئی ایس پی (ISP)** : انٹرنیٹ خدمات فراہم کرنے والی کمپنی۔

## K

**کلوبائٹ (KB) (Kilobyte)** : 1 کلوبائٹ (KB) 1024 بائٹ کے مساوی ہوتا ہے۔

## L

**لوکل ایریا نیٹ ورک (LAN)** : لوکل ایریا نیٹ ورک جو کہ کسی عمارت یا کمرہ کے اندر کئی کمپیوٹروں کے درمیان رابطہ قائم کر دیتا ہے۔

**لیز ڈ لائن (Leased Line)** : دو کمپیوٹروں کے درمیان پوائنٹ ٹو پوائنٹ (Point-to-Point) کنکشن۔

**لائن اسپیسنگ (Line Spacing)** : متن کی دو متصل سطروں کے درمیان خالی جگہ۔

## M

**میل مرج (Mail Merge)** : ایک ایسی سہولت جس کے ذریعے ایسے متعدد دستاویز تیار کیے جا سکتے ہیں جو تقریباً ایک جیسے ہوتے ہیں لیکن کچھ متن ہر ایک میں مختلف ہوتا ہے۔

**میگابائٹ (Megabyte – 4MB)** : 1048576 بائٹ، اگرچہ اس سے دس لاکھ بائٹ مراد ہے۔

**پیغام (Message)** : ارسال یا موصول کی جانے والی اطلاع۔

**مائکروپروسیسر (Microprocessor)** : مائکروکمپیوٹر کی سینٹرل پروسیسنگ یونٹ۔

**موڈیم [(Modem) Modulator/Demodulator]** : ایک ایسا آلہ جو کہ ٹیلی فون لائن کے ذریعے کمپیوٹر کی



© NCERT not to be republished

اطلاعات کی ترسیل کرتا ہے۔ترسیل کرنے والا موڈیم کمپیوٹر کے ڈیجیٹل ڈیٹا کو اینالاگ سگنلوں میں تبدیل کر دیتا ہے جنھیں فون لائن کے ذریعے دوسری طرف بھیجا جاسکتا ہے۔ان سگنلوں کو موصول کرنے والا موڈیم دوبارہ سے ڈیجیٹل شکل میں تبدیل کر دیتا ہے۔

**ملٹی میڈیا (Multimedia)** : ایک ایسا ذریعہ جو کہ مختلف شکل کے مواد کا استعمال کرتا ہے۔اس میں متن، آڈیو (آواز)، ساکن تصاویر، اینیمیشن اور ویڈیو کا اجتماع شامل ہے۔

## N

**نیٹ ورک (Network)** : متعدد کمپیوٹر اور دیگر آلات جو کہ کسی مواصلاتی رابطہ کے ذریعہ ایک دوسرے سے مربوط رہتے ہیں اور ایک دوسرے کے ساتھ باہم عمل کرتے ہیں۔

**نیوز گروپ (Newsgroup)** : ایک ایسا گروپ جس کے ممبران خبروں کے استعمال میں ایک دوسرے کے ساتھ اشتراک کرتے ہیں۔

**عددی نظام (Number System)** : ایک ایسا نظام جو کہ اعداد کو ظاہر کرتا ہے۔چار قسم کے عددی نظام دستیاب ہیں: اعشاری، ہیکساڈیسیمل (Hexadecimal)، آکٹل (Octal) اور بائنری (Binary)۔

**نمبر کاری (Numbering)** : نمبر پیراگراف سے پہلے ظاہر ہوتے ہیں۔ان کا استعمال عموماً متواتر پیراگراف میں ہوتا ہے۔

## O

**آن لائن بینکنگ (Online Banking)** : ویب کے ذریعہ بینک کے ساتھ لین دین کرنا۔

**آپریٹنگ سسٹم (Operating System)** : یکجا کیے گئے پروگراموں کا ایسا سیٹ جو کمپیوٹر سسٹم کے وسائل اور سسٹم کے اندر اطلاعات کے بہاؤ کو کنٹرول کر کے کمپیوٹر کی کل کارکردگی اور نظام عمل کو سنبھالتا ہے۔

## P

**پیکیج (Package)** : یہ مربوط اطلاعات (linked Information) کو ظاہر کرتا ہے۔اطلاع مکمل فائل پر مشتمل ہو سکتی ہے۔

**پیکٹ (Packet)** : پیکٹ ڈیٹا کی اکائی ہے جو کہ انٹرنیٹ یا کسی دوسرے پیکٹ سوئچ نیٹ ورک پر ماٰخذ (Origin) اور منزل (Distination) کے درمیان گامزن رہتا ہے۔

**صفحہ کا خاکہ (Page Layout)** : صفحہ کو ڈیزائن کرنا جیسے کہ حاشیہ (Margin)، تشریق (Orientation)، صفحہ کا سائز وغیرہ۔



© NCERT not to be republished

**پاس ورڈ (Password):** پاس ورڈ متعدد کیریکٹر پر مشتمل ہوتا ہے جسے کسی ایکسس کا مجاز ہونے کے لیے لاگ آن (Logon) کے وقت فراہم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ پاس ورڈ حروف، اعداد اور علامتوں کے مجموعہ کی شکل میں ہوسکتا ہے اور کسی حالت (Case Sensitive) کی صورت میں بھی۔

**پکسل (Pixel):** پکسل (تصویری عنصر) سب سے چھوٹا عنصر ہے۔ ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر جن حروف، اعداد یا گرافکس کی تخلیق کرتے ہیں انھیں اسکرین پر ظاہر کرتا ہے یا پرنٹ کرتا ہے۔ پکسل کو pel بھی کہتے ہیں۔

**پلیس ہولڈر (Place Holders):** سلائڈوں پر بنا ہوا مثلث جو کہ صرف ڈیزائن کے وقت نظر آتا ہے لیکن سلائڈ کو دکھانے کے دوران نظر نہیں آتا۔ ان کا استعمال متن کو شامل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ ان میں پہلے سے معرف شدہ فارمیٹنگ صفات موجود ہوسکتی ہیں۔

**پوائنٹ ٹو پوائنٹ پروٹوکول (PPP) :** ملٹی پروٹوکول ڈیٹا گرام کی نقل وحمل کے لیے پوائنٹ ٹو پوائنٹ رابطہ کا استعمال کرنے کے لیے پروٹوکول کے معیاروں کا سلسلہ۔

**پورٹل (Portal) :** پورٹل ایک محفوظ، سنگل پوائنٹ انٹری ویب سائٹ ہے جسے کسی مخصوص ادارے/تنظیم یا کمیونیٹی کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔

**پیش کش (Presentation) :** کسی مخصوص موضوع سے متعلق ایک یا زیادہ سلائڈوں کا اتحاد۔

**پرنٹر (Printer) :** پرنٹر ایک آؤٹ پٹ ڈیوائس ہے جو کمپیوٹر سے ان پٹ کمانڈ کو موصول کرنے کے بعد متن یا تصاویر کو کاغذ یا کسی اور پرنٹ میڈیا پر پرنٹ کر دیتا ہے۔

**پروگرام (Program) :** کمپیوٹر کے لیے تیار کیا گیا ہدایات کا منطقی مجموعہ جس کے ذریعے کمپیوٹر کسی مخصوص کام کو انجام دے سکتا ہے۔

**عمل تصحیح (Proofing) :** کسی مواد میں موجود غلطیوں کو درست کرنے کی غرض سے پڑھنا۔

**پروٹوکول (Protocol) :** رہنما اصول اور ضابطوں کا ایسا مجموعہ جس کے تحت نیٹ ورک پر اطلاعات کو بھیجا جاتا ہے۔ یہ ضابطے نیٹ ورک آلات کے مابین مبادلہ کیے گئے پیغامات کے مواد، فارمیٹ، وقت، تسلسل اور اغلاط پر قابو رکھتے ہیں۔

**پی ایس ٹی این (PSTN) :** پبلک سوئچ ٹیلی فون نیٹ ورک باہم مربوط آواز رخی (Voice-Orientation) پبلک ٹیلی فون نیٹ ورکوں کا عالمی سطح کا مجموعہ اتحاد ہے۔

## R

**ریم (Random Access Memory) RAM:** رینڈم ایکسس میموری کمپیوٹر میں ڈیٹا کو محفوظ کرنے کا ایک طریقہ



© NCERT not to be republished

ہے۔ یہ IC (Integrated circuits) کی شکل میں ہوتا ہے جس کی مدد سے ذخیرہ کیے گئے ڈیٹا کو کسی بھی ترتیب میں ایکسس کیا جاسکتا ہے۔ اسے کمپیوٹر یا دیگر آلات کے ذریعے لکھا یا پڑھا جا سکتا ہے (Devices) میں محفوظ کیا جاسکتا ہے۔ کمپیوٹر بند ہونے کے بعد RAM میں ذخیرہ شدہ ڈیٹا ضائع ہوجاتا ہے۔

روم **(Read Only Memory:ROM)** : یہ ایک نیم موصل سرکٹ ہے جس میں کوڈ یا ڈیٹا کو تیاری کے دوران مستقل طور سے نصب کردیا جاتا ہے۔ ROM ہدایات یا ڈیٹا پر مشتمل ہوتی ہے جنھیں پڑھا تو جاسکتا ہے مگر ان میں ترمیم نہیں کی جاسکتی۔

ری سائیکل بن **(Recycle Bin)**: وہ جگہ جہاں حذف کی گئی فائلوں کو ذخیرہ کیا جاتا ہے۔ اگر غلطی سے فائلیں مٹ جائیں تو انھیں ری سائیکل بن سے دوبارہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ری سائیکل بن کو خالی کرکے زیادہ ڈسک اسپیس بنائی جاسکتی ہے۔

رجسٹر **(Register)**: تیز رفتار اسٹوریج ایریا جو کہ کمپیوٹر کی کارکردگی کو بڑھانے کے ہدایات کی پروسیسنگ کے دوران ڈیٹا کو عارضی طور پر اسٹور کرلیتا ہے۔

ریپلیکیشن **(Replication)** : ڈیٹا کی ہم زمانگی کے لیے ڈیٹا اسٹور یا فائل سسٹم سے متعدد کمپیوٹروں میں ڈیٹا کو کاپی کرنے کا طریقہ۔

روٹ **(Root)** : اطلاعات کے منظّم مجموعے میں اعلیٰ ترین یا سب سے اوپری سطح۔ روٹ وہ نقطہ ہے جہاں سے مزید ذیلی مجموعے منطقی تسلسل میں نمودار ہوتے ہیں جو کہ وسیع یا عمومی مرکز سے نسبتاً کم وسیع تناظر کی طرف حرکت کرتا ہے۔

## S

محفوظ کرنا **(Save)** : دستاویز کو ہارڈ ڈسک، سی ڈی، پین ڈرائیو وغیرہ جیسی ثانوی حافظے میں ذخیرہ کرنا تاکہ اسے بعد میں دوبارہ استعمال کیا جاسکے۔

اسکرپٹ **(Script)** : ایک قسم کا پروگرام جو کہ ایپلی کیشن یا ٹول پروگرام کے لیے ہدایات کے سیٹ پر مشتمل ہوتا ہے۔

سرچ انجن **(Search Engine)** : ایسا سافٹ ویئر پروگرام جو مخصوص کلیدی الفاظ (keywords) پر مبنی ویب سائٹ/ دستاویز وغیرہ کو تلاش کرلیتا ہے اور ان دستاویز یا ویب سائٹ کی فہرست مہیا کردیتا ہے جہاں جہاں کلیدی الفاظ موجود ہوتے ہیں۔

انتخاب کرنا **(Select)**: اسکرین پر ڈیٹا یا متن کے بلاک کو نمایاں کرکے یا نشان زد کرکے تخصیص کرنا تاکہ اس پر کسی عمل کو انجام دیا جاسکے۔

دستخط **(Signatures)**: ای میل کے آخر میں استعمال کنندہ کی شناخت۔

© NCERT not to be republished

**سائمولیشن (Simulation)** : کمپیوٹر پر یہ دیکھنے کے لیے کسی پیچیدہ کام کا ماڈل تیار کرنا کہ آیا یہ حقیقی دنیا میں کام کر سکے گا یا نہیں۔

**سلائڈ (Slide)** : اطلاعات کو اسکرین پر ظاہر کرنا۔ یہ متن، جدول، گرافکس، ویڈیو، آواز وغیرہ پر مشتمل ہو سکتی ہے۔

**سلائڈ ڈیزائن (Slide Design)** : سلائڈ پر پس منظر کے رنگ اور تصویر کے ساتھ ساتھ متن کی قسم اور رنگ کا تعین کرتا ہے۔

**سلائڈ لے آؤٹ (Slide Layout)** : سلائڈوں کے لیے پہلے سے مقرر شدہ لے آؤٹ (خاکے)۔ مطلوبہ سلائڈ کی قسم کے مطابق لے آؤٹ کو منتخب کیا جا سکتا ہے۔

**سلائڈوں کو دکھانا (Slide Show)** : پیش کش میں سلائڈوں کو یکے بعد دیگرے ظاہر کرنے کا عمل۔

**سلائڈ ٹرانزیشن (Slide Transition)**: سلائڈ شو کے دوران اس بات کا تعین کرنا کہ اسکرین پر ایک سلائڈ کے بعد دوسری سلائڈ کس انداز میں ظاہر ہوگی۔

**سافٹ ویئر (Software)** : پروگراموں کا مجموعہ

**اسٹینڈ بائی (Standby)** : یہ وہ حالت ہے جس میں کمپیوٹر بہت کم پاور خرچ کرتا ہے اور آرام کی حالت میں ہوتا ہے لیکن یہ فوری طور پر کام کرنے کے لیے تیار رہتا ہے۔ جب کمپیوٹر توقف یا اسٹینڈ بائی کی حالت میں ہوتا ہے تو اطلاعات کو کمپیوٹر کے حافظے سے ہارڈ ڈسک پر محفوظ نہیں کیا جاتا۔ اگر پاور چلی جائے تو میموری میں موجود اطلاع ضائع ہو جائے گی۔

**طرز (Style)** : کیریکٹر/ پیراگراف فارمیٹنگ آپشن کے اتحاد کو دیا گیا نام۔

**سسٹم کلاک (System Clock)** : یہ کمپیوٹر کے اندر واقع ہونے والے اعمال کی رفتار کا تعین اور اسے کنٹرول کرتا ہے۔

**سسٹم سافٹ ویئر (System Software)** : یہ ایک یا زیادہ ایسے پروگراموں کا سیٹ ہے جو کہ کمپیوٹر سسٹم کے نظام عمل کو کنٹرول کرنے اور اس کی پروسیسنگ کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے ڈیزائن کیا جاتا ہے۔

## T

**جدول (Table)** : اطلاعات کو عمودی کالموں اور افقی قطاروں میں مرتب کرنا۔

**TCP/IP** : ٹرانسفر کنٹرول پروٹوکول/ انٹرنیٹ پروٹوکول بنیادی مواصلاتی زبان یا انٹرنیٹ کا پروٹوکول ہے۔

**ٹیل نیٹ (Telnet)** : یہ ایک Terminal-emulation پروٹوکول ہے جس کا استعمال وسیع پیمانے پر نیٹ ورک کمپیوٹروں میں لاگ آن کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ ٹیل نیٹ سے مراد وہ اپلی کیشن بھی ہے ان استعمال کنندہ کے لیے ٹیل نیٹ کا استعمال کرتی ہے جو دور دراز مقام سے لاگ آن کرتے ہیں۔



© NCERT not to be republished

**تھمب نیل (Thumbnail)** : کسی شبیہہ (Image) کی بہت چھوٹی شکل جس کا استعمال عام طور سے متعدد تصاویر (Image) بہت تیزی کے ساتھ براؤز کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

**ٹائٹل بار (Title bar)** : ونڈو کے بالائی حصہ میں ایک افقی بار جس میں ونڈو کا نام ہوتا ہے۔کئی ونڈوز پر، ٹائٹل بار میں پروگریم آئکن ،میگزیمائز(Maximise)، منیمائز(Minise)اورکلوزبٹن(Close Button) بھی ہوتے ہیں۔

**ٹول بار (Toolbar)** : کمپیوٹر کے اسکرین پر علامات (Icons) کی قطار۔ جب انھیں کلک کیا جاتا ہے تو یہ کسی کمانڈ یا حکم کی انجام دہی میں مدد کرتے ہیں۔

**ٹریک تبدیلیاں (Track Changes)** : دستاویز کو پڑھنے اور ان میں ترمیم کرنے کے دوران استعمال کنندہ کے ذریعے کی گئی تبدیلیوں کی نشان دہی۔

**ترسیل کار (Transmitter)** : یہ ایک الیکٹرونک آلہ ہے جس کے ساتھ عام طور سے ایک اینٹینا ہوتا ہے جو برقی مقناطیسی سگنل جیسے ریڈیو، ٹیلی ویژن یا دیگر مواصلات کی اشاعت کرتا ہے۔

## U

**یوڈی پی (User Datagram Protocol : (UDP)** : ایک ایسا مواصلاتی پروٹوکول جو آئی پی نیٹ ورک سے منسلک کمپیوٹروں کے مابین پیغامات کے مبادلہ کے دوران محدود خدمات فراہم کرتا ہے۔

**یوآرایل (Uniform Resource Locator : (URL)** : ایک ایسا پتہ جو منفرد انداز میں انٹرنیٹ پر کسی مقام کی شناخت کر لیتا ہے۔www سائٹ کے لیے URL کو //:http سے شروع کیا جاتا ہے۔
http://www.example.microsoft.com۔URL میں اور زیادہ تفصیلات شامل ہو سکتی ہیں۔ جیسے کہ ہائپر ٹیکسٹ کے صفحہ کا نام جن کی شناخت عام طور سے فائل کے نام کے ساتھ اس کے ایکسٹینشن کے ذریعے کی جاتی ہے۔جیسے HTML یا HTM۔

**یوپی ایس(UPS)** : ایک ایسا آلہ جو کہ کمپیوٹر کو پلا رکاوٹ پاور فراہم کرتا ہے۔

## V

**وی او آئی پی(Voice over Internet Protocol : (VOIP)** : TCP/IP پیکٹ کا استعمال کر کے LAN، WAN یا انٹرنیٹ کے ذریعے آواز کو بھیجنے کا طریقہ۔

## W

ڈبلیو اے این (WAN) : (Wide Area Network) : ایک ایسا کمپیوٹر نیٹ ورک ہے جو وسیع علاقے کا احاطہ ہے یعنی کوئی بھی نیٹ ورک جس کے مواصلاتی رابطے (Links) میٹروپولیٹن، مقامی یا قومی سرحدوں کے آگے تک ہوتے ہیں۔

ویب براؤزر (Web Browsers) : ویب سائٹ کو دیکھنے کے لیے استعمال کیا جانے والا سافٹ ویئر۔

ویب سائٹ (Website) : انٹرنیٹ پر شائع ہونے والے ویب صفحات کا مجموعہ جو ویب سائٹ کی تشکیل کرتے ہیں۔

ویب صفحہ (Web page) : ویب سائٹ کی واحد فائل۔

وائی کائی (Wiki) : یہ ایک ایسا سافٹ ویئر ہے جس کی مدد سے آپ ویب صفحات کی تشکیل کر سکتے ہیں، ان میں ترمیم کر سکتے ہیں اور باہم مربوط (انٹرلنک) کر سکتے ہیں۔

ونڈو (Window): اسکرین کا ایک حصہ جہاں پروگرام اور پراسیس کو انجام دیا جاتا ہے۔ ایک ہی وقت میں کئی ونڈوز کھولی جا سکتی ہیں۔

وائرلیس نیٹ ورک (Wireless Network) : کوئی بھی ایسا کمپیوٹر نیٹ ورک جو بغیر تار کے ہوتا ہے اور عام طور سے اس کا تعلق ٹیلی مواصلات کے ان نیٹ ورکوں سے ہے جن میں نوڈس (Nodes) کے مابین انٹرکنکشن بغیر تار کے ہی قائم کیے جاتے ہیں۔

ورڈ پروسیسر (Word processor) : ایسا سافٹ ویئر جس کا استعمال متن پر مبنی دستاویز کی تشکیل اور ان کی وضع بندی میں کیا جاتا ہے یہ دستاویز جدولوں، تصاویر وغیرہ پر مشتمل ہو سکتے ہیں۔

ورک شیٹ/اسپریڈ شیٹ (Work sheet/ Spread sheet) : ورک شیٹ کسی اسپریڈ شیٹ کا واحد صفحہ یا شیٹ ہے۔

ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو (World Wide Web : www) : ایسا نظام جس میں ہائپر لنک کا استعمال کر کے انٹرنیٹ کا تفصیلی جائزہ لیا جاتا ہے۔

ریپنگ (Wrapping) : تصویروں، کلپ آرٹ وغیرہ کو متن میں شامل کرنے کے لیے متن کو موڑنا۔

© NCERT not to be republished